اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

Revised Schedule

پریس ریلیز

اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ایک اعلان کے مطابق بی اے/ بی ایس سی پہلا سالانہ امتحان 2020ء میں شرکت کرنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مذکورہ امتحان انشاءاللہ مورخہ 05 ستمبر 2020ء بروز منگل سے شروع ہوگا۔

نوٹ:۔ بیرونی یا پرائیویٹ امیدوار کے طور پر صرف وہی طلباء امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں جو پہلے سے رجسٹرڈ ہیں۔

☆طلبہ وطالبات کو پیشگی مطلع کیا جاتا ہے کہ Covid-19 کے پیش نظر طلباء خود کو روایتی امتحان (Traditional paper based) یا آن لائن امتحان (Multiple choice questions) دونوں کے لئے تیار رکھیں۔

☆اگر گورنمنٹ کی طرف سے روایتی امتحانات کی اجازت ملی تو یونیورسٹی روایتی امتحانات لے گی، بصورت دیگر آن لائن (Multiple choice questions) امتحان لیا جائے گا۔

☆مزید یہ کہ کسی مجبوری کی صورت میں آن لائن امتحان میں شرکت نہ کر سکنے والے طلباء کو روایتی امتحان میں شمولیت کا موقع بھی فراہم کیا جائے گا۔

☆جو طلباء سالانہ امتحان 2020ء کے لئے پہلے سے اپنے داخلہ فارم وفیس شعبہ امتحانات میں جمع کروا چکے ہیں انہیں دوبارہ سے apply کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

Covid-19 وباء سے قبل نارمل فیس کا شیڈول مقرر کیا گیا تھا لیکن امتحان کے التواء کے بعد کئی امیدواران نے درخواست کی کہ تین گنا فیس کے ساتھ اجازت دی جائے لہٰذا اس امتحان میں شرکت کرنے والے کالج کے ریگولر و سابقہ طلباء/ فیل شدہ/ رجسٹرڈ پرائیویٹ امیدواروں سے تین گنا داخلہ فیس وداخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخیں درج ذیل ہیں۔

داخلہ فیس برائے پرائیویٹ و بیرونی/ کالجوں کے ریگولر و سابقہ امیدواران

۱۔	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	24 اگست 2020ء بروز سوموار
۲۔	تین گنا داخلہ فیس برائے امتحان بی اے/ بی ایس سی (بغیر پریکٹیکل)	=	-/9000 روپے
۳۔	تین گنا داخلہ فیس برائے امتحان بی اے/ بی ایس سی (بمعہ پریکٹیکل)	=	-/12000 روپے

مورخہ 24 اگست 2020ء بروز سوموار کے بعد داخلہ فارم قطعاً وصول نہیں کئے جائیں گے۔ اور یونیورسٹی ایسے داخلہ فارم کے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گی۔ نیز داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائیٹ www.iub.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔ کالج کے سابقہ طلباء وطالبات کو اپنے داخلہ فارم متعلقہ کالج کے پرنسپل سے تصدیق کرانا ہونگے۔

(جاری ہے)

Scanned with CamScanner

بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان اضلاع کے رہائشی مرد اور خواتین اپنے ہی ضلع کی حدود میں قائم کیے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینے کے پابند ہونگے۔ بہاولپور ڈویژن کے باہر کے رہائشی مرد وخواتین امیدواروں کو بہاولپور شہر میں قائم کیے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینا ہوگا۔

بہاولپور ڈویژن میں ضلع/تحصیل/سب تحصیل کی سطح پر حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچوں کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں سے داخلہ بھیجنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ فیس کی ادائیگی بذریعہ چیک/ڈرافٹ/پے آرڈر/آن لائن/منی آرڈر قابل قبول نہ ہوگی۔

تمام مرد وخواتین کو جو مذکورہ امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے داخلہ فارم کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، انٹرمیڈیٹ کی سند کی مصدقہ کاپی فراہم کریں مزید یہ کہ طلبہ وطالبات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنا فعال ای میل ایڈریس اپنے تدریسی پتہ والے خانہ میں ضرور درج کریں تاکہ امتحان میں شریک ہونے کی اہلیت یا نا اہلیت کا فیصلہ کیا جا سکے اور اہل امیدواروں کو رول نمبر بروقت ارسال کیے جا سکیں۔ نیز سابقہ امیدوار اپنے سابقہ رول نمبر کا حوالہ (جو کہ آخری مرتبہ جاری ہوا تھا) داخلہ فارم پر ضرور تحریر کریں تاکہ ریکارڈ چیک ہو سکے۔ نیز کالج کے سابقہ طلباء وطالبات کو داخلہ فارم کے ساتھ رجسٹریشن کارڈ کی مصدقہ نقل منسلک کرنا لازمی ہوگا۔

بی اے/بی ایس سی سے متعلق تمام معلومات صرف یونیورسٹی کی ویب سائٹ (www.iub.edu.pk) پر دی جائیں گی

12/8/2020
ڈپٹی کنٹرولر امتحانات

بہاولپور
مورخہ 12 اگست 2020ء

Scanned with CamScanner